News Release
نیوز ریلیز

Ministry of the
Attorney General وزارت اٹارنی جنرل

فوری ریلیز کے لئے
فروری 20، 2006 ء

اونٹاریو کی حکومت انسانی حقوق کے نظام کوجدید بنائے گی
مجوزہ ترامیم کا مقصد لوگوں کی بہتر خدمت کرنا ہے

ٹورانٹو – ترامیم جو میک گوئنٹی حکومت (McGuinty government) نے تجویز کی ہیں ان کا مقصدایک نسبتا مضبوط، سریع ، زیادہ مؤثر انسانی حقوق کا نظام ہے ،جو لوگوں کی بہتر خدمت کرتا ہے ، اٹارنی جنرل مائیکل برائنٹ (Michael Bryant) نے آج اعلان کیا۔

اونٹاریو کے انسانی حقوق کے نظام کو جدید بنا کر ،ہم لوگوں کی بہتر خدمت کرناچاہتے ہیں جو اس سے پہلے کبھی نہیں کی گئی ، برائنٹ نے کہا۔ ہم شکایات کے طریقہ کار کو بہتر بناناچاہتے ہیں اور پیچیدہ انسانی حقوق کے مسائل کی بہتر طور پر شنوائی کرناچاہتے ہیں جو لوگوں کے گروپوں اور افراد پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ہمارا مقصد انسانی حقوق کو بہتر بنانا اور ان کی ترقی کو مضبوط کرنااور ان کی برتری اور مضبوطی ہے ۔

موجودہ انسانی حقوق کا نظام، جو اونٹاریو ہیومن رائٹس کمیشن اورہیومن رائٹس ٹر یبونل آف اونٹاریو پر مشتمل ہے ، اونٹاریو ہیومن رائٹس کو ڈ کو مضبوط بنانے کے لئے سن 1961ء میں بنایا گیا تھا، جو کینیڈا میں منفرد نوعیت کا نظام تھا۔ کمیشن ایک خودمختار ایجنسی ہے ، جو بذریعہ اٹارنی جنرل قانون ساز ادارے کو جواب دہ ہے۔ جو اس وقت کچھ عوامی آگاہی اور ریسرچ کا انتظام کرتاہے، اور یہ انسانی حقوق کی شکایات وصول کرتا ، ان کی تحقیق کرتااور ان کا فیصلہ کرتا ہے۔ ٹر یبونل کمیشن کے بھیجے گئے کیسوں کی سماعت کرتا اور ان کے فیصلے کرتا ہے ۔

قانون کے نئے مجوزہ نمونے کے تحت جو اس موسم بہار کے آخر میں متعارف کروایا جارہا ہے، کمیشن انسانی حقوق کی ترقی اور مستقبل میں پیداہونے والے خطرات پر قابو پانے والی احتیاطی تدابیر سےناروا کوروکنے پر توجہ مرکوز کرے گا، جیسے کہ عوامی آگاہی، تحقیق اور نظام بندی والے تعصب پر توجہ دینے کیلئے اس کی نگرانی کرناہے۔ حکومت کمیشن کے اندر نسلی امتیاز کے خلاف سیکریٹیریٹ بھی قائم کرے گی جوتعصب کے خلاف جنگ کیلئے تحقیق اور پالیسی کے بارے میں چیف کمشنرکو مشورے اور سفارشات فراہم کرے گا۔

کمیشن اپنے طور پر براہ راست شکایات درج کرنے ، یا ٹر یبونل کے ساتھ بیچ بچاؤ کے ذریعے معاملات حل کرنے کی اپنی طاقت کو برقرار رکھے گا۔ اس دوران ٹریبونل جھگڑوں کو حل کرنے کیلئے، افراد اور گروپوں کو ان کے کلیم ٹریبونل کے ساتھ داخل کرنے کی اجازت دے کر ایک جدیدو فعال ، اور مطلوبہ نتائج برآمدکرنے والا طریقہ کار فراہم کرے گا۔

باوجود ازحد کامیابی کے ، کمیشن بہت عرصے پہلے ایسی تبدیلیوں کیلئے کہہ چکا ہے جو شکایات کے طریقہ کار کو تیز کرنے کیلئے ہوں‌جوکہ گھروں میں اور سروسوں پر، کام پر تعصب کو روکیں‌اور انسانی حقو ق کو بہتر طو رپر ترقی دینے کیلئے ہوں، باربرا ہال نے کہا، جو اونٹاریو ہیومن کمیشن کی چیف کمشنر ہیں۔
ایک ایسے تجدید شدہ نظام کو قائم کرنے کیلئے جو کہ ان مقاصد کوپوراکرتاہواورانسانی حقوق میں اونٹاریو کی پوزیشن کو بحیثیت بین الاقوامی رہنماکے رکھے، ہم حکومت کے ساتھ مل کرکام کریں گے ۔

انسانی حقوق بنیادی چیزہے ۔ یہ ضروری ہے کہ اونٹاریو میں رہنے والے تمام لوگوں کو وقت پر نافذشدہ ،تنازعات کوحل کرنے والے منصفانہ اور شفاف نظام تک رسائی حاصل ہو، مائیکل گوتھیل نے کہا (Michael Gottheil)، جو ہیومن رائٹس ٹریبونل آف اونٹاریوکے چیئر ہیں۔ بہت سے لو گ ایک لمبے عرصے سے تبدیلی چاہتے ہیں ، اور بحیثیت چیئر ، میں ان تبدیلیوں کوزیر عمل لانے اورقوانین و طریقہ ہائے عمل جو قواعد وضوابط کے اہم مقصد کوآگے بڑھاتے ہیں، کو مرتب کرنے میں مدد دینے پر خوش ہوں ۔

ہم حکومت کو نظام میں یہ اہم تبدیلیاں کرتے ہوئے دیکھ کر بہت خو ش ہیں ، کیتھی لیئرڈ (Kathy Laird) نے کہا، جو ایڈوکیسی سینٹرفار ٹیننٹس اونٹاریو کی ڈائریکٹر ہیں ۔ وہ بہت عرصے سے التواء میں ہیں ۔ ایک ایسا انسانی حقوق کا نظام جونسبتا زیادہ برداشت کوبڑھانے کے قابل ہو اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے زیادہ مؤثر طریقے سے نمٹتاہو ، وہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ٹورانٹومیں رہنے والوں سے عزت واحترام کا سلوک کیا جاتا ہے ۔

ہمارا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ اونٹاریوانسانی حقوق کی ترقی کیلئے بین الاقوامی رہنما بنا رہے اور ان لوگوں کی انصاف تک رسائی کوبڑھائے جو تعصب کا شکار ہیں، برائنٹ نے کہا۔

–30–

رابطے :
گریگ کرون (Greg Crone)
دفتر وزیر (Ministers Office)
(416) 31 6–1785

برینڈن کرالے (Brendan Crawley)
کمیونیکیشنز برانچ (Communications Branch)
(416) 31 6–1 1 10

www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca

ٹیلیفون پر معلومات عامہ: 416-326-2220 یا 1-800-518-7901

اس دستاویز کی عبارت سننے کیلئے، نابیناافراد اوپر دئیے ہوئے فون نمبروں پر کال کریں

ٹی ٹی وائی : 416-326-4012

اس دستاویزکا 14زبانوں میں ترجمہ کیا جارہا ہے ۔
یہ تراجم www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca پر دستیاب ہوں گے۔